میاگی پریفکچر پولیس کی طرف سے اطلاع

★مسائل یا جرائم میں پھنسنے سے بچنے کے لیے★

★ جاپان میں گزر بسر کرنے کے لیے احتیاط

میاگی

○ شور کے مسائل۔

اگر لوگ گھر میں جمع ہو کر شور مچائیں یا ٹی وی اور موسیقی کی آواز اونچی ہو تو پڑوسی کو تکلیف ہوتی ہے۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔



○ کوڑا کرکٹ نکالنے کا طریقہ۔

کوڑا کرکٹ جلنے والا کوڑا، کچی بوتلیں اور کین وغیرہ الگ الگ تقسیم کر کے مقررہ دن اور مقررہ جگہ پر پھینکیں۔
کوڑا کرکٹ کی جگہوں پر ریسائیکل کے لیے استعمال ہونے والی چیزیں بھی رکھی جاتی ہیں، اس لیے ایسی جگہ سے چیزیں اٹھا کر لے جانا منع ہے۔



○ دھوکا دہی کا فون آنے پر احتیاط!!

آجکل ملکی سفارت خانے کے عملے یا پبلک سیکورٹی کے عملے کا نام استعمال کر کے جاپان میں رہنے والے غیرملکیوں کو دھوکہ دہی کی کالیں آتی ہیں جس میں کہا جاتا ہے کہ "آپ کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری ہوا ہے۔" یا "اگر آپ پیسے نہیں دیں گے تو گرفتار ہو جائیں گے۔" وغیرہ۔ اور بعض دفعہ ایس این ایس کے ذریعے بھی ایسے پیغامات آتے ہیں۔
اگر ایسا فون آئے تو بات ختم کر کے اپنی فیملی یا ارد گرد لوگوں سے مشورہ کریں۔
اگر انجان نمبر یا نمبر بند کر کے فون آئے تو ایسا فون نہ اٹھانا ہی بہتر ہے۔
اور مشکوک پیغامات کا جواب نہ دینا ہی بہتر ہے۔

○ پولیس کو ایمرجنسی کی اطلاع۔

اگر آپ کسی امرجنسی یا حادثے میں پھنس جائیں تو ایک سو دس نمبر پر فون کریں۔
ایسا کرنے سے آپ پولیس ہیڈ کوارٹر کے ساتھ بات کر سکتے ہیں، اس لیے اوسان بحال کر کے آہستہ آہستہ اور "کب، کہاں، کون، کیا کیا اور کیا ہوا" کی ترتیب سے بتائیں۔

★ یہ حراکت جاپان میں جرائم ہیں۔

ایس این ایس یا جاننے والوں سے متعارف شدہ غیرقانونی جز وقتی کاموں وغیرہ پر احتیاط۔

○ اپنے بینک کے اکاؤنٹ کا کیش کارڈ کسی دوسرے کو دینا۔

اگر آپ اپنے بینک اکاؤنٹ کا کیش کارڈ، بینک کی بک یا فون کسی دوسرے کو دیں گے تو وہ جرائم کے لیے استعمال ہو سکیں گے۔
اگرچہ آپ کو پیسے بھی مل رہے ہوں تو ہرگز مت دیں۔
اپنے ملک واپس جاتے وقت بینک اکاؤنٹ وغیرہ منسوخ کروائیں۔
دوسرے کو دینے یا فروخت کرنے کے مقصد سے بینک میں اکاؤنٹ کھلوانا اور سمارٹ فون کا معاہدہ کرنا وغیرہ بھی جرم ہے۔ ایسا ہرگز مت کریں۔



○ غیر قانونی جز وقتی کام۔

آجکل کچھ مجرمانہ گروپ موجود ہیں جو کہ ایس این ایس وغیرہ کے ذریعے غیرقانونی جز وقتی کاموں میں شریک ہونے والے جمع کرتے ہیں۔
"مہنگا تنخوا پر جز وقتی کام" اور "آپ نے صرف سامان وصول کرناہے" وغیرہ، اگر کوئی ایسی دعوت دینا ہے تو احتیاط کریں۔
اگرچہ آپ کا کوئی دوست یا سینیئر بھی آپ کو دعوت دیں تو بھی ہرگز مت شریک ہوں۔
نہیں تو آپ جرائم میں پھنس جائیں گے۔

○ غیرقانونی شرط لگانا۔

گیمبل (جوئے) میں غیرقانونی شرط بھی موجود ہے۔
مالی مسائل کی وجہ جھگڑا کر کے کسی کو زخمی کرنے کے جرم میں پھنس جانے کا امکان ہے، اس لیے ہرگز نہ کریں۔

○ اپنے آبائی ملک میں پیسے بھیجتے وقت۔

اپنے ملک میں موجود فیملی کو پیسے بھیجتے وقت یا وہاں سے منگواتے وقت لاضمی بینک کا استعمال کریں۔
پیسے بھیجتے یا منگواتے وقت اپنے کسی جاننے والے کے حوالے مت کریں۔